NYC Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

# Bronx

ستمبر 2015 میں کنڈرگارٹن شروع کرنے والے طلباء کے لیے

2015 کنڈرگارٹن ڈائریکٹری

Bronx Kindergarten Directory 2015

NYC Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

# اہم تاریخیں

## 2015 کے کنڈرگارٹن میں داخلے

| | |
|---|---|
| درخواست دینے کے عرصے کا آغاز | 7 جنوری 2015 |
| درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ | 13 فروری 2015 |
| تعیناتی کی پیشکشوں کی تقسیم | اپریل 2015 کے آغاز میں |
| ابتدائی اندراج | اپریل 2015 کے آخر میں |

# کوئی سوالات؟

### Family Welcome Centers

**nyc.gov/schools/FamilyWelcomeCenters**

اگر آپ کو اپنی درخواست مکمل کرنے میں مدد کی ضرورت ہے یا اگر کنڈرگارٹن داخلوں کے بارے میں آپ کا کوئی مخصوص سوال ہے تو اپنے مقامی Family Welcome Center پر تشریف لائیں۔ Family Welcome Centers کی ایک فہرست آپ اس کتاب کے اندر پچھلے کور پر دیکھ سکتے ہیں۔

### ہمیں کال کریں

اگر کنڈرگارٹن داخلوں کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو آپ **718-935-2009** پر **Office of Student Enrollment** کو کال کر سکتے ہیں۔

# مفید ویب سائٹیں

### کنڈرگارٹن داخلے

**nyc.gov/schools/Kindergarten**

کنڈرگارٹن داخلوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے پورے تعلیمی سال میں یہ سائٹ دیکھیں۔

### رابطے میں رہیں!

**nyc.gov/schools/Subscribe**

کنڈرگارٹن داخلوں کے باضابطہ نیوزلیٹر کی رکنیت حاصل کریں اور تازہ ترین خبروں اور دیگر اہم تبدیلیوں کے لیے **New York City Department of Education** کی فیس بُک (**facebook.com/nycschools**) اور ٹوئٹر (**twitter.com/nycschools**) صفحات پر تشریف لائیں۔



**Cityscape at Night**
**by Samara Mohammed**، درجہ 3
سکول: PS/IS 268, Queens
فنون کی استاد: Wendy Newman

# Family Welcome Centers

کنڈرگارٹن داخلوں کے عمل کے بارے میں اگر آپ کےکوئی سوالات ہیں، تو **718-935-2009** پر کال کریں، یا ایک **Family Welcome Center** پر تشریف لائیں۔

| بلدیہ | Family Welcome Center | جن اضلاع کے لیے دستیاب ہیں |
|---|---|---|
| Bronx | 1 Fordham Plaza, 7th Floor<br>Bronx, NY 10458 | 7، 9، 10 |
| | 1230 Zerega Avenue<br>Bronx, NY 10462 | 8، 11، 12 |
| Brooklyn | 1780 Ocean Avenue<br>Brooklyn, NY 11230 | 17، 18، 22 |
| | 415 89th Street<br>Brooklyn, NY 11209 | 20، 21 |
| | 1665 St. Mark's Avenue<br>Brooklyn, NY 11233 | 19، 23، 32 |
| | 29 Fort Greene Place, Basement (BE12)<br>Brooklyn, NY 11217 | 13، 14، 15، 16 |
| | 131 Livingston Street<br>Brooklyn, NY 11201 | 13، 14، 15، 16 |
| Manhattan | 333 Seventh Avenue,12th Floor<br>New York, NY 10001 | 1، 2، 4 |
| | 388 West 125th Street, 7th Floor<br>New York, NY 10027 | 3، 5، 6 |
| Queens | 28-11 Queens Plaza North<br>Long Island City, NY 11101 | 24، 30 |
| | 30-48 Linden Place<br>Flushing, NY 11354 | 25، 26 |
| | 90-27 Sutphin Boulevard<br>Jamaica, NY 11435 | 27، 28، 29 |
| Staten Island | 715 Ocean Terrace, Building A<br>Staten Island, NY 10301 | 31 |

NYC Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

# Bronx

# 2015 کنڈرگارٹن ڈائریکٹری

## ستمبر 2015 میں کنڈرگارٹن شروع کرنے والے طلباء کے لیے

New York City Department of Education کی یہ پالیسی ہے کہ وہ اصل یا محسوس کردہ نسل، رنگ، مذہب، عمر، مسلک، گروہ، قومی ماخذ، غیر ملکی ہونے کی حالت، شہریت کی کیفیت، معذوری، جنسی تعارف، تذکیر و تانیث (جنس) یا وزن سے قطع نظر مساوی تعلیمی مواقع فراہم کرتا ہے، اور جیسا کہ قانونی تقاضہ ہے، ان میں سے کسی بھی ایک کی بنیاد، بشمول جنسی طور پر، ہراساں کیے جانے سے پاک ماحول قائم رکھتا ہے۔ موزوں قوانین کے بارے میں استفسارات یہاں بھجوائے جا سکتے ہیں:
Director, Office of Equal Opportunity & Diversity Management, 65 Court Street, Suite 1102, Brooklyn, New York 11201, Telephone 718-935-3320.

**Translated versions of this Directory will be available on our website at nyc.gov/schools/kindergarten.**

ستتوفر النسخ المترجمة لهذا الدليل على موقعنا الإلكتروني:
nyc.gov/schools/kindergarten.

এই নির্দেশিকার অনূদিত সংস্করণ আমাদের ওয়েবসাইট nyc.gov/schools/kindergarten- এ পাওয়া যাবে।

本指南的中文譯本將被登載在我們的網站上，網址是
nyc.gov/schools/kindergarten.

Les versions traduites de cet annuaire seront disponibles sur notre site Internet à
nyc.gov/schools/kindergarten.

Tradiksyon kreyòl Anyè sa a ap disponib sou sit wèb nou an nan
nyc.gov/schools/kindergarten.

본 안내서 번역판은 다음 웹사이트에서 보실 수 있습니다:
nyc.gov/schools/kindergarten.

Переводы Справочника будут помещены на нашем вебсайте
nyc.gov/schools/kindergarten.

Las versiones traducidas de este Directorio estarán disponibles en nuestro sitio web
nyc.gov/schools/kindergarten.

اس ڈائریکٹری کی ترجمہ شدہ اشاعتیں ہماری ویب سائٹ پر یہاں دستیاب ہوں گی:
nyc.gov/schools/kindergarten.

# فہرستِ مضامین

## Bronx کنڈرگارٹن ڈائریکٹری


**تعارف**

کنڈرگارٹن داخلوں میں خوش آمدید! ..... 1

کنڈرگارٹن داخلوں کا عمل ..... 1

کنڈر گارٹن کی درخواست ..... 3

کنڈرگارٹن داخلوں کی ترجیحات ..... 5

اپنے بچے کی ضروریات پورا کرنا ..... 7

سکول کی کارکردگی ..... 11

سکول صفحات کیسے پڑھنے ہیں ..... 13

2016-2015 کنڈرگارٹن درخواست ..... 16

نقشہ: پورے شہر میں Gifted & Talented سکول ..... 19

**ضلعی حصے**

ضلع 7، *ضلع کا انتخاب* ..... 20

ضلع 8 ..... 28

ضلع 9 ..... 39

ضلع 10 ..... 53

ضلع 11 ..... 73

ضلع 12 ..... 88

**ضمیمہ جات**

2015 کنڈرگارٹن کے بغیر ایلیمنٹری سکول ..... 100

درخواست کی اضافی ہدایات والے ایلیمنٹری سکول ..... 100

چارٹر سکول ..... 101

**حروفِ تہجی کے لحاظ سے فہرست** ..... 105

# کنڈرگارٹن داخلوں میں خوش آمدید!

اگر آپ New York City میں رہتے ہیں اور آپ کا بچہ 2015ء میں پانچ برس کا ہو رہا ہے، تو آپ کے بچے کو ستمبر 2015ء میں کنڈرگارٹن شروع کر دینا چاہیے- ہم اپنے سکولوں میں آپ کے بچے کا خیرمقدم کرتے ہوئے پُرجوش ہیں اور اس کام میں آپ کی مدد کرنے کے لیے حاضر ہیں-

New York City کے خاندان کنڈرگارٹن کے لیے آن لائن، ٹیلی فون پر، یا Family Welcome Center پر ذاتی طور پر تشریف لا کر درخواست دے سکتے ہیں-

یہ کتاب کنڈرگارٹن میں داخلوں کے ہر مرحلے پر آپ کی رہنمائی میں مدد کرنے کے لیے تیار کی گئی ہے- کنڈرگارٹن میں داخلے کے لیے درخواست دینے کے بارے میں اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو 718-935-2009 پر کال کریں یا تشریف لائیں: www.nyc.gov/schools/kindergarten پر-

**کنڈرگارٹن داخلوں کے عرصہ میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات**

درخواستیں دینے کے عرصے کا آغاز 7 جنوری 2015 کو ہوتا ہے

درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ 13 فروری 2015 ہے-

بچوں کے سکول کا تعین کرنے کی پیشکشیں اپریل 2015 کے آغاز میں تقسیم کی جاتی ہیں

اندراج سے پہلے کی کاروائی اپریل 2015 میں شروع ہوتی ہے

## کنڈرگارٹن داخلوں کا عمل

سنہ 2015 میں پانچ سال کے ہو رہے New York City کے تمام طلباء کو کنڈرگارٹن میں درخواست دینی چاہیئے- اس میں معذوریوں کے حامل طلباء اور انگریزی زبان سیکھنے والے بھی شامل ہیں-

کنڈرگارٹن کے تعارفی سال میں داخلوں کے عمل میں چار مراحل ہیں:

**1- اپنے انتخابوں کی چھان بین کرنا اور اپنی پسند کے سکولوں کی فہرست بنانا**

**2- اپنی درخواست جمع کروانا**

**3- ایک تعیناتی کی پیشکش وصول کرنا**

**4- ابتدائی اندراج**

یہ کچھ اہم حقائق ہیں جو آپ کو اپنے کنڈرگارٹن اختیارات کی چھان بین شروع کرنے سے قبل معلوم ہونے چاہیئیں-

- داخلہ پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر نہیں ہوتا- آخری تاریخ تک موصول ہونے والی تمام درخواستوں سے یکساں سلوک کیا جائے گا-
- کنڈرگارٹن کے زیادہ تر طلباء اپنے علاقے کے سکول میں ہی پڑھنے جاتے ہیں- آپ کے علاقے کے سکول کا تعین آپ کے گھر کے پتے سے کیا جاتا ہے- اگر آپ کو یہ نہیں معلوم کہ کون سا سکول آپ کے علاقے کا سکول ہے تو 311 پر کال کریں یہ سائٹ ملاحظہ کریں: www.nyc.gov/schools/schoolsearch-
- ہر سکول میں طلباء کو داخلے کی ترجیحات کہلانے والی ترجیحی ترتیب کی بنیاد پر تعیناتی کے لیے زیرِ غور لایا جاتا ہے- اس کتاب کے ہر حصے میں داخلوں کی ترجیحات، اور ان گروہوں کا جو پچھلے سال ہر سکول میں داخل کیے گئے تھے، جائزہ لیں، یہ سمجھنے کے لیے کہ آیا مخصوص سکولوں میں آپ کے بچے کے داخل ہونے کا اچھا امکان ہے-
- پانچ سال کی عمر کے تمام بچے کنڈرگارٹن میں داخل کیے جانے کے حقدار ہیں، لہٰذا اگر آپ درخواست دینے کی آخری تاریخ گنوا بھی دیتے ہیں، آپ کا بچہ تعلیمی سال 2015-2016 کے لیے کنڈرگارٹن میں داخلے کے قابل ہو گا-

### 1- اپنے انتخابوں کی چھان بین کرنا اور اپنی پسند کے سکولوں کی فہرست بنانا

ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ اس ڈائریکٹری کو داخلوں کے بارے میں اور اپنے بچے کے لیے سکول کے انتخابوں کے بارے مزید معلوم کرنے کے لیے استعمال کریں، پھر مزید جاننے کے لیے دلچسپی والے سکولوں میں تشریف لے جائیں- دعوتِ عام اور دوروں کی ترتیبِ کار معلوم کرنے کے لیے، سکولوں سے رابطہ کریں یا www.nyc.gov/schools/kindergarten پر تشریف لے جائیں-

جب آپ اپنی درخواست تیار کر رہے ہوں، اپنی ترجیح کے لحاظ سے پروگراموں کی درجہ بندی کرنا یقینی بنائیں- صرف آپ ہی یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آپ کے بچے اور آپ کے خاندان کے لیے بہترین کیا ہے- آپ درخواست میں اپنے علاقے کے سکول سمیت کئی سکول درج کر سکتے ہیں، لیکن صرف وہ سکول درج کریں جن میں اگر آپ کو پیشکش کی جاتی ہے تو آپ اپنے بچے کا اندراج کروائیں گے-

جو فہرست آپ اپنی درخواست میں جمع کرواتے ہیں وہ آپ کی ترجیح کی بنیاد پر ہونی چاہیے- جن سکولوں کو آپ سب سے زیادہ ترجیح دیتے ہیں انہیں پہلے درج کریں، لیکن دیگر سکولوں کو بھی شامل کریں اس صورت کے لیے کہ اگر آپ کے بچے کو سب سے زیادہ ترجیحی سکول (سکولوں) میں نہیں

رکھا جا سکتا- اپنی درخواست پر سکولوں کو درج کرتے ہوئے کچھ بھی درست یا غلط نہیں ہوتا- ایک سکول میں آپ کے بچے کی فوقیت سکول کے داخلوں کی ترجیحات پر منحصر ہوتی ہے-

مثال کے طور پر، اگر آپ اپنے علاقے کے سکول سے پہلے تین سکول درج کرتے ہیں اور آپ کو ان تینوں سکولوں کی جانب سے پیشکش نہیں ہوتی، پھر بھی آپ کا بچہ/بچی اپنے علاقے کے سکول میں داخلے کی پیشکش حاصل کر سکتا/سکتی ہے، کیونکہ یہ وہ جگہ ہے جہاں آپ کے بچے کو سب سے زیادہ فوقیت حاصل ہے- اسی طرح، اگر آپ صرف تین سکول درج کرتے ہیں اور اپنے علاقے کے سکول کو سکول فہرست میں درج نہیں کرتے، اور آپ کو ان تینوں سکولوں کی جانب سے پیشکش نہیں ہوتی، پھر بھی آپ کے بچے/ بچی کو اپنے علاقے کے سکول میں داخلے کی پیشکش ہو سکتی ہے- داخلوں کی ترجیحات پر مزید تفصیلات کے لیے، صفحات 6-5 کا جائزہ لیجیئے-

## 2- اپنی درخواست جمع کروانا

7 جنوری 2015 سے 13 فروری 2015 تک، آپ اپنے علاقے کے سکول اور دیگر سکولوں میں درخواست دے سکتے ہیں جن کے بارے میں آپ کو یقین ہے کہ آپ کے بچے کے لیے زیادہ موزوں ہوں گے- آپ www.nyc.gov/schools/kindergarten پر تشریف لے جاتے ہوئے آن لائن، Family Welcome Center پر ذاتی طور پر جا کر، یا 718-935-2400 پر کال کرتے ہوئے بذریعہ فون درخواست دے سکتے ہیں- درخواست دینے کے طریقوں کی مکمل وضاحت کے لیے، صفحات 4-3 ملاحظہ فرمائیں-

## 3- ایک تعیناتی کی پیشکش وصول کرنا

اپریل کے شروع میں آپ کو آپ کی تعیناتی پیشکش کے بارے میں اطلاع موصول ہو گی-

آپ کو ان سکولوں میں داخلے کے منتظرین کی فہرست میں خود بخود رکھ دیا جائے گا جن کی درجہ بندی آپ نے اس سکول سے اوپر کی ہے جہاں سے آپ کے بچے کو ایک پیشکش موصول ہوئی ہے- اگر سکول داخلے کے منتظر خاندانوں کو ایک نشست کی پیشکش کرنے کے قابل ہوں گے تو وہ ان کے ساتھ براہِ راست رابطہ کریں گے؛ داخلے کے منتظرین کی فہرست میں رہنے کے لیے کوئی اضافی کاروائی کرنا درکار نہیں ہے-

## 4- ابتدائی اندراج

اپنی کنڈرگارٹن پیشکش قبول کرنے کے لیے، آپ پر لازم ہے کہ اپریل میں شروع ہو رہی اندراج سے قبل کی کاروائی کے لیے وقتِ ملاقات طے کرنے کے لیے سکول سے رابطہ کریں- وہ سکول جہاں سے آپ کے بچے کو داخلے کی پیشکش ہوئی ہے اس میں اپنے بچے کا قبل از داخلہ اندراج کروانا اس سکول کی طرف سے آپ کو اس سکول کی طرف سے پیشکش موصول کرنے سے نہیں روکتا جہاں آپ کے بچے کو داخلے کے منتظرین کی فہرست میں رکھا گیا ہے-

داخلے سے قبل اندراج کرواتے ہوئے، **اپنے بچے کو اپنے ہمراہ لانا آپ پر لازم ہے**، اور ساتھ ہی ساتھ:

- آپ کے بچے کی عمر کا ثبوت (بچے کی پیدائش کا سرٹیفیکیٹ یا پاسپورٹ)
- **دو** دستاویزات جو پتے کے ثبوت کی تصدیق کرتی ہوں قابلِ قبول دستاویزات ذیل کی فہرست میں دی گئی ہیں:
  - قومی گرڈ، Con Edison، یا Long Island Power Authority کی جانب سے رہائشی کے نام پر جاری کیا گیا یوٹیلیٹی بل (گیس یا بجلی)؛ اس کی تاریخ لازمی طور پر پچھلے 60 ایام کے اندر اندر ہو
  - کرایہ داری کا اصل معاہدہ، دستاویز، یا ربن نامہ برائے رہائش گاہ
  - گھر کا حالیہ جائیداد ٹیکس کا بل
  - رہائش گاہ کا پانی کا بل، جس کی تاریخ پچھلے 90 ایام کے اندر اندر ہو
  - ایک مالک کی جانب سے تنخواہ کی باضابطہ دستاویزات (مثال: تنخواہ کی رسید)؛ جس کی تاریخ پچھلے 60 ایام کے اندر اندر ہو
  - رہائشی کے نام اور پتے کی نشاندہی کرتی ہوئی وفاقی، ریاستی یا مقامی حکومتی ایجنسی کی جانب سے (لیٹرہیڈ پر) ایک دستاویز (مثال: Internal Revenue Service، New York City Housing Authority، یا Administration for Children's Services کی جانب سے دستاویز)؛ اس کی تاریخ لازمی طور پر پچھلے 60 ایام کے اندر اندر ہو

### فہرستِ منتظرین

جس سکول کو آپ نے اپنی درخواست میں سب سے اوپر درج کیا تھا اگر اس کی جانب سے تعیناتی کی پیشکش نہیں کی جاتی، آپ کو خود بخود ان تمام سکولوں کی منتظرین کی فہرستوں میں رکھ دیا جاتا ہے جنہیں آپ نے اس سکول سے اوپر رکھا تھا جس سکول کی جانب سے آپ کے بچے کو پیشکش کی جاتی ہے- مثال کے طور پر، اگر آپ کو اس سکول کی جانب سے تعیناتی کی پیشکش ہوتی ہے جسے آپ نے اپنی درخواست میں تیسرے نمبر پر رکھا تھا، آپ خود بخود اپنی پسند کے پہلے اور دوسرے سکولوں میں داخلے کے منتظرین کی فہرستوں میں شامل ہو جائیں گے- اگر سکول داخلے کے منتظر خاندانوں کو ایک نشست کی پیشکش کرنے کے قابل ہوں گے تو وہ ان کے ساتھ براہِ راست رابطہ کریں گے؛ تعیناتی کے عمل میں اس مرحلے پر خاندانوں کے لیے کوئی اضافی کاروائی کرنا درکار نہیں ہے-

## کنڈر گارٹن کی درخواست

آپ 7 جنوری 2015 سے لے کر 13 فروری 2015 تک کنڈرگارٹن کے لیے تین طریقوں میں سے ایک طریقے سے درخواست دے سکتے ہیں: آن لائن، ذاتی طور پر، یا ٹیلی فون پر- براہِ کرم اپنی درخواست بذریعہ ڈاک یا ایک سکول میں جمع نہیں کروائیں- قطع نظر اس سے کہ آپ کیسے درخواست دیتے ہیں، یقینی بنائیں کہ آپ اس کی ایک رسید حاصل کرتے ہیں- اگر آپ کو رسید نہیں ملتی، آپ کے درخواست جمع کروانے میں کوئی مسئلہ ہو سکتا ہے-

### درخواست کے طریقے

**آن لائن درخواست دینا**

ایک اکاؤنٹ بنانے کے لیے www.nyc.gov/schools/kindergarten پر تشریف لے جائیں اور اپنی درخواست جمع کروائیں- آپ کے درخواست جمع کروا نے کے بعد، ایک رسید آپ کو ای میل کر دی جائے گی- ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ آن لائن درخواست دیں، تاکہ آپ کسی بھی وقت اپنے اکاؤنٹ اور رسید تک کسی بھی وقت رسائی کر سکیں- آپ کو اطلاع نامے بھی بذریعہ ای میل موصول ہوں گے، جو کہ معلومات بذریعہ ڈاک بھیجنے سے زیادہ تیز ہے-

براہِ کرم نوٹ فرمائیں: آن لائن درخواست دینے کے لیے آپ کے پاس ایک ای میل ایڈریس ہونا لازمی ہے- اگر آپ کا کوئی ای میل ایڈریس نہیں ہے اور/یا ایک ای میل ایڈریس فراہم نہیں کرنا چاہتے، تو براہِ کرم ٹیلی فون پر یا ذاتی طور پر درخواست دیں-

اگر آپ کے پاس گھر میں کمپیوٹر نہیں ہے اور آپ آن لائن درخواست دینا چاہیں، تو آپ ایک مفت لائبریری کارڈ کے ساتھ New York City کی کسی بھی عوامی لائبریری میں کمپیوٹر استعمال کر سکتے ہیں- ایک مفت لائبریری کارڈ کے لیے رکنیت حاصل کرنے کے لیے، آپ کو پتے کا ایک ثبوت فراہم کرنے کی ضرورت ہے- اپنے علاقے میں ایک لائبریری تلاش کرنے کے لیے، 311 پر کال کریں-

**آن لائن درخواست دینے کی آخری تاریخ جمعہ، 13 فروری 2015، رات 11:59 بجے تک ہے-**

**ٹیلی فون پر درخواست دینا**

ہمیں 718-935-2400 پر کال کریں

- سوموار سے جمعہ، صبح 8:00 بجے تا شام 6:00 بجے کے درمیان کال کریں-
- اگر آپ انگریزی کے علاوہ کوئی دوسری زبان بولتے ہیں، تو ایک ترجمان کی درخواست کرنا یقینی بنائیں-
- آپ اپنی درخواست کی رسید بذریعہ ڈاک موصول کریں گے-

**فون پر درخواست دینے کی آخری تاریخ جمعہ، 13 فروری 2015، شام 6:00 بجے تک ہے-**

**ذاتی طور پر درخواست دینا**

ایک Family Welcome Center پر تشریف لے جائیں (مقامات کے لیے ذیل میں دیکھیں)

- مشیران آپ کی درخواست کی تکمیل میں مدد کے لیے دستیاب ہیں-
- دفاتر سوموار سے جمعہ، صبح 8:00 بجے تا سہ پہر 3:00 بجے تک کھلے ہیں-
- جب آپ اپنی درخواست جمع کروائیں گے تو آپ کو مشیر کی جانب سے آپ کی رسید موصول ہو گی-

**ایک Family Welcome Center میں ذاتی طور پر درخواست دینے کی آخری تاریخ جمعہ، 13 فروری 2015، سہ پہر 3:00 بجے تک ہے-**

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Bronx** | 1 Fordham Plaza, 7th Floor<br>Bronx, NY 10458 | **Manhattan** | 333 Seventh Avenue, 12th Floor<br>New York, NY 10001 |
| | 1230 Zerega Avenue<br>Bronx, NY 10462 | | 388 West 125th Street, 7th Floor<br>New York, NY 10027 |
| **Brooklyn** | 1780 Ocean Avenue<br>Brooklyn, NY 11230 | **Queens** | 28-11 Queens Plaza North<br>Long Island City, NY 11101 |
| | 415 89th Street<br>Brooklyn, NY 11209 | | 30-48 Linden Place<br>Flushing, NY 11354 |
| | 29 Fort Greene Place<br>Brooklyn, NY 11217 | | 90-27 Sutphin Boulevard<br>Jamaica, NY 11435 |
| | 1665 St. Mark's Avenue<br>Brooklyn, NY 11233 | **Staten Island** | 715 Ocean Terrace, Building A<br>Staten Island, NY 10301 |

## مطلوبہ معلومات

خواہ آپ اپنی کنڈرگارٹن کی درخواست آن لائن جمع کروانے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں یا فون پر، یا ذاتی طو پر ایک Family Welcome Center میں جا کر، یہ یقینی بنائیں کہ درخواست دیتے وقت آپ کے پاس مندرجہ ذیل معلومات موجود ہیں:

1. بچے کا نام
2. بچے کا OSIS (طالب علم کا ID نمبر، اگر دستیاب ہو)
3. بچے کی تاریخ پیدائش
4. والدین/سرپرست کا نام
5. بچے کا پتہ
6. آپ کا ٹیلی فون نمبر
7. آپ کا ای میل ایڈریس، اگر دستیاب ہے تو
8. بہن بھائی کی معلومات، * اگر آپ کے بچے کا کوئی بہن بھائی ان سکولوں میں پڑھ رہا ہے جو آپ نے اپنی درخواست میں درج کیے ہیں:
   - بہن بھائی کا نام
   - بہن بھائی کی تاریخ پیدائش
   - بہن بھائی کا موجودہ درجہ
   - بہن بھائی کا موجودہ سکول
   - بہن بھائی کا OSIS (طالب علم کا ID نمبر)
9. بچے کا موجودہ پری-کنڈرگارٹن پروگرام، اگر قابل اطلاق ہے تو
10. بچے کی مادری یا غالب زبان، اگر دو لسانی پروگرام کے لیے درخواست دے رہے ہیں
11. وہ پروگرام جن میں آپ درخواست دے رہے ہیں، آپ کی پسندیدگی کے لحاظ سے

اگر آپ درخواست کی آخری تاریخ گنوا دیتے ہیں، اپنے بچے کا اندراج کروانے کے بارے میں معلومات کے لیے 718-935-2009 پر کال کریں- کنڈرگارٹن کے لیے اپنے بچوں کا اندراج کروانے کے متلاشی تمام خاندان ایک تعیناتی پیشکش وصول کریں گے-

* ایک بہن بھائی کی تعریف ایسے کی جاتی ہے کہ درخواست دہندہ کا کوئی بھائی یا بہن - بشمول سوتیلے بھائی، سوتیلی بہنیں، رضاعی بھائی، اور رضاعی بہنیں، جو اسی گھرانے میں قیام پذیر ہیں اور ستمبر 2015 میں اُس سکول میں درجات K-5 میں داخل ہوں گے- بچے کے بہن بھائیوں کی وجہ سے ترجیح کے لیے زیرِ غور آنے کے لیے درخواست پر آپ کا بڑے بہن بھائیوں کی معلومات درج کرنا لازمی ہے- پیشکشیں کرنے سے قبل سکول کی جانب سے بہن بھائی کی تمام معلومات کی تصدیق کی جاتی ہے-

### انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں درخواست دینا

کنڈرگارٹن درخواست، آن لائن اور ذاتی دونوں، DOE کی معیاری زبانوں میں دستیاب ہے: عربی، بنگالی، چینی، فرانسیسی، ہیٹیائی کریول، کوریائی، روسی، ہسپانوی، اور اُردو- ترجمانی کی خدمات فون پر 200 سے زائد زبانوں میں دستیاب ہیں- معاونت کے لیے 718-935-2400 پر کال کریں-

ترجمہ شدہ مواد دستیاب ہیں: www.nyc.gov/schools/kindergarten پر-

## کنڈرگارٹن داخلوں کی ترجیحات

داخلوں کی معیاری ترجیحات علاقے والے اور بغیر علاقے کے سکولوں کے لیے موجود ہیں- جبکہ کچھ سکول ایسے ہیں جن میں داخلوں کی ترجیحات مختلف ہیں، زیادہ تر علاقے والے اور بغیر علاقے کے سکول ذیل میں دی گئی ترجیحات استعمال کرتے ہیں-

### علاقے کے سکول

زیادہ تر طلباء کنڈرگارٹن کے لیے اپنے علاقے کے سکول میں ہی پڑھنے جاتے ہیں- علاقے کا ایک سکول ان طلباء کو داخلہ دیتا ہے جو اس سکول کے علاقے میں رہتے ہیں (وہ جو سکول کے اردگرد کے مقررہ علاقے میں رہتے ہیں)- زیادہ تر علاقے کے سکول علاقے میں رہ رہے تمام طلباء کو داخلہ دے سکتے ہیں، لیکن کچھ استثناء ہیں- آپ کے علاقے کے سکول کا تعین آپ کے گھر کے پتے سے کیا جاتا ہے- اگر آپ کو اپنے علاقے کے سکول کا پتہ نہیں ہے، تو 311 پر کال کریں یا Department of Education کی "School Search" (www.nyc.gov/schools/schoolsearch) پر تشریف لے جائیں اور تلاش کے خانے میں اپنے گھر کا پتہ درج کریں- جو طلباء سکول کے علاقے کے اندر رہتے ہیں انہیں اس سکول میں داخلے کے لیے ترجیح دی جاتی ہے- اگر علاقے کے تمام طلباء کو داخلہ دینے کے بعد علاقے کے سکول میں جگہ بچتی ہے، تو ترجیحی گروہوں کی فہرست میں درج طلباء کو تعیناتی کی پیشکش کی جا سکتی ہے، جس کا آغاز علاقے سے باہر رہن والے بہن بھائیوں سے ہوتا ہے-

عمومی طور پر، وہ طلباء جو سکولی ضلع میں رہتے ہیں انہیں ضلع سے باہر رہ رہے طلباء کی نسبت زیادہ ترجیح حاصل ہوتی ہے- New York City کو 32 علاقے والے سکولی اضلاع میں تقسیم کیا گیا ہے (جس کا ڈائریکٹری میں اکثر "ضلع" کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے)- آپ کے ضلع کا تعین آپ کے بچے کے گھر کے پتے سے کیا جاتا ہے- آپ اپنا ضلع، 311 پر کال کرتے ہوئے یا Department of Education School Search سائٹ پر جا کر تلاش کر سکتے ہیں: www.nyc.gov/schools/schoolsearch-

### علاقے کے سکولوں کے لیے داخلوں کی معیاری ترجیحات

1. علاقے میں رہنے والے طلباء، جن کے بہن بھائی ستمبر 2015 میں سکول میں درجات K-5 میں زیرِ تعلیم ہیں؛*
2. علاقے میں رہنے والے طلباء، جن کے بہن بھائی سکول میں زیر تعلیم نہیں ہیں-

اگر جگہ اجازت دے، تو علاقے سے باہر رہنے والے طلباء کو بھی، مندرجہ ذیل ترجیحی ترتیب دے داخل کیا جا سکتا ہے:

3. ضلع میں رہنے والے طلباء، جن کے بہن بھائی ستمبر 2015 میں سکول میں درجات K-5 میں زیرِ تعلیم ہیں؛*
4. ضلع سے باہر رہنے والے طلباء، جن کے بہن بھائی ستمبر 2015 میں سکول میں درجات K-5 میں زیرِ تعلیم ہیں؛*
5. ضلع میں رہنے والے طلباء، جو اس وقت سکول کے پری-کنڈرگارٹن پروگرام میں زیرِ تعلیم ہیں؛*
6. ضلع سے باہر رہنے والے طلباء، جو اس وقت سکول کے پری-کنڈرگارٹن پروگرام میں زیر تعلیم ہیں؛*
7. وہ طلباء جو ضلع میں رہتے ہیں، ما سوائے ان کے جو اوپر (3) اور (5) میں ہیں؛
8. وہ طلباء جو ضلع سے باہر رہتے ہیں، ما سوائے ان کے جو اوپر (4) اور (6) میں ہیں-

* ایک بہن بھائی کی تعریف ایسے کی جاتی ہے کہ درخواست دہندہ کا کوئی بھائی یا بہن - بشمول سوتیلے بھائی، سوتیلی بہنیں، رضاعی بھائی، رضاعی بہنیں، جو اسی گھرانے میں قیام پذیر ہیں- سکول ان درخواست دہندگان کو ترجیح کی پیشکش کرتے ہیں جن کے مصدقہ بہن بھائی سکول میں زیر تعلیم ہیں-

** وہ طلباء جو اس وقت pre-k میں داخل ہیں اور کنڈرگارٹن کے لیے اسی سکول میں درخواست دینا چاہتے ہیں انہیں کنڈرگارٹن میں داخلے کے لیے ترجیح ملے گی، لیکن صرف اسی سکول میں جس میں وہ پڑھ رہے ہیں- اس ترجیح کا اطلاق صرف ان طلباء پر ہوتا ہے جنہیں علاقے کی یا بہن بھائیوں کی ترجیح نہیں ملتی- تمام سکولوں میں pre-k موجود نہیں ہے-

## بغیر علاقے کے سکول

پورے New York City میں بغیر علاقے کے سکول ہیں جو درخواست دہندگان کو بہن بھائیوں، رہائش کے ضلع، اور بعض صورتوں میں، دیگر معیار کی بنیاد پر ترجیح دیتے ہیں- جبکہ زیادہ تر بغیر علاقے کے سکول ذیل میں دی گئی داخلوں کی معیاری ترجیحات پر عمل کرتے ہیں، آپ کو ہر سکول کی داخلوں کی ترجیحات کے بارے میں جاننے کے لیے سکول کے صفحات کا جائزہ لینا چاہیئے-

عمومی طور پر، وہ طلباء جو سکولی ضلع میں رہتے ہیں انہیں ضلع سے باہر رہ رہے طلباء کی نسبت زیادہ ترجیح حاصل ہوتی ہے- New York City کو 32 علاقوں والے سکولی اضلاع میں تقسیم کیا گیا ہے (جس کا ڈائریکٹری میں اکثر "ضلع" کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے)- آپ کے ضلع کا تعین آپ کے بچے کے گھر کے پتے سے کیا جاتا ہے- آپ اپنا ضلع، 311 پر کال کرتے ہوئے یا Department of Education School Search سائٹ پر جا کر تلاش کر سکتے ہیں: www.nyc.gov/schools/kindergarten-

## بغیر علاقے کے سکولوں کے لیے داخلوں کی معیاری ترجیحات

1. ضلع میں رہنے والے طلباء جن کے مصدقہ بہن بھائیوں کو ستمبر 2015 میں سکول میں درجات K-5 میں داخلہ دیا جائے گا؛*
2. ضلع سے باہر رہنے والے طلباء جن کے مصدقہ بہن بھائیوں کو ستمبر 2015 میں سکول میں درجات K-5 میں داخلہ دیا جائے گا؛*
3. ضلع میں رہنے والے وہ طلباء جو اس وقت سکول میں pre-k میں داخل ہیں؛**
4. ضلع سے باہر رہنے والے وہ طلباء جو اس وقت سکول میں pre-k میں داخل ہیں؛**
5. وہ طلباء جو ضلع میں رہتے ہیں، ما سوائے ان کے جو اوپر (1) اور (3) میں ہیں؛
6. وہ طلباء جو ضلع سے باہر رہتے ہیں، ما سوائے ان کے جو اوپر (2) اور (4) میں ہیں-

* ایک بہن بھائی کی تعریف ایسے کی جاتی ہے کہ درخواست دہندہ کا کوئی بھائی یا بہن - بشمول سوتیلے بھائی، سوتیلی بہنیں، رضاعی بھائی، رضاعی بہنیں، جو اسی گھرانے میں قیام پذیر ہیں- سکول ان درخواست دہندگان کو ترجیح کی پیشکش کرتے ہیں جن کے مصدقہ بہن بھائی سکول میں زیر تعلیم ہیں-

** وہ طلباء جو اس وقت pre-k میں داخل ہیں اور کنڈرگارٹن کے لیے اسی سکول میں درخواست دینا چاہتے ہیں انہیں کنڈرگارٹن میں داخلے کے لیے ترجیح ملے گی، لیکن صرف اسی سکول میں جس میں وہ پڑھ رہے ہیں- اس ترجیح کا اطلاق صرف ان طلباء پر ہوتا ہے جنہیں علاقے کی یا بہن بھائیوں کی ترجیح نہیں ملتی- تمام سکولوں میں pre-k موجود نہیں ہے-

## پسند کے اضلاع

New York City میں تین اضلاع ایسے ہیں جہاں کوئی علاقے والے سکول نہیں ہیں- یہ اضلاع ہیں ضلع 1 (Lower East Side - Manhattan)، ضلع 7 (South Bronx)، اور ضلع 23 (Brownsville - Brooklyn)، اور انہیں پسند کے اضلاع کہا جاتا ہے- اگر آپ ان اضلاع میں سے کسی ضلع میں رہتے ہیں اور وہاں کنڈرگارٹن کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں، تو اس ضلع کے لیے پسند کے ضلع کی مطبوعہ لینا یقینی بنائیں- مطبوعات آپ کے مقامی Family Welcome Center سے مل سکتی ہیں (دیکھیں صفحہ 3 اور آن لائن www.nyc.gov/schools/kindergarten پر)- وہ خاندان جو ان اضلاع میں رہائش پذیر نہیں ہیں وہاں کنڈرگارٹن کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، لیکن انہیں ہر سکول کے لیے داخلوں کی ترجیحات کا جائزہ لینا چاہیئے کیونکہ وہ خاندان جو ان اضلاع میں رہتے ہیں انہیں تعیناتی کے لیے زیادہ ترجیح ملتی ہے-

## اپنے بچے کی ضروریات پورا کرنا

آپ کے بچے کی منفرد تعلیمی ضروریات میں مدد کرنے کے لیے کنڈرگارٹن میں بہت سی مختلف اقسام کے پروگرام اور خدمات فراہم کی جاتی ہیں- ذیل کی فہرست میں دیئے گئے تمام سکول خدمات اور پروگراموں کی پیشکش نہیں کرتے، لہٰذا اگر اس بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں کہ ایک مخصوص سکول کی جانب سے کون سے پروگراموں کی پیشکش کی جاتی ہے، براہِ کرم مزید معلومات کے لیے ہر سکول سے رابطہ کریں-

### Gifted & Talented پروگرام

Gifted & Talented (G&T) پروگرام ایک طریقہ ہے جس سے New York City Department of Education منفرد تعلیمی صلاحیتوں کے حامل طلباء کی تعلیمی ضروریات میں معاونت کرتا ہے- G&T پروگراموں کا مقصد تیز، سخت، اور خصوصی طور پر تیار کردہ تعلیم فراہم کرنا ہے جو Common Core Learning Standards سے مطابقت رکھتی ہے- پری کنڈرگارٹن سے درجہ 2 میں وہ بچے جو New York City کے رہائشی ہیں G&T داخلوں میں شرکت کرنے کے اہل ہیں-

Gifted & Talented پروگراموں کے لیے ایک الگ درخواست ہے- کنڈرگارٹن کے G&T پروگرام کے لیے درخواست دینے میں دلچسپی رکھنے والے خاندانوں کی جانب سے اپنا امتحان لیے جانے کی درخواست کرنے (RFT) کا فارم 7 نومبر 2014 تک بھیج دینا جانا چاہیے- وہ طلباء جو 7 نومبر 2014 کو RFT کی آخری تاریخ کے بعد New York City کے رہائشی بنتے ہیں موسمِ گرما میں امتحان لیے جانے کی درخواست کر سکتے ہیں- آپ یہ درخواست بھی کر سکتے ہیں کہ آپ کے بچے کا خزاں 2015 کے اوائل میں درجہ اول میں تعیناتی کے لیے امتحان لیا جائے-

اگر آپ نے ایک RFT فارم مکمل کیا ہے اور آپ کا بچہ Gifted & Talented کا امتحان دے رہا ہے، آپ اپریل میں اس کی اہلیت کا اطلاع نامہ موصول کریں گے- اگر آپ کا بچہ اہلیت کے معیار پر پورا اُترتا ہے، آپ کے پاس Gifted & Talented پروگراموں میں درخواست دینے کا موقع ہو گا- Gifted & Talented داخلوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم www.nyc.gov/schools/gtپر تشریف لائیں-

### Magnet پروگرام

ایک Magnet سکول سرکاری سکول ہوتا ہے جو تمام سکولوں میں ایسا نصاب پیش کرتا ہے جو ایک مخصوص موضوع پر تیار کیا گیا ہوتا ہے- جبکہ کچھ سکولوں نے اپنے نام میں "Magnet" کا لفظ لگا رکھا ہے، صرف وہ سکول جنہوں نے (Magnet Schools Assistance Program (M.S.A.P سرمایہ وصول کیا ہے انہیں "Magnet" کے طور پر نامزد کیا جائے گا-

### Students Learning English کے لیے پروگرام

Department of Education کئی طرح کے پروگرام اور معاونتیں فراہم کرتا ہے یہ یقینی بنانے کے لیے کہ وہ طلباء جو انگریزی بطور اپنی مادری زبان نہیں بولتے زبان کی وہ مہارتیں حاصل کر لیں جو ایلیمنٹری سکول میں سبقت لے جانے کے لیے ضروری ہیں- یہ طلباء (English Language Learners (ELLs کہلاتے ہیں- ELLs کی مدد کے لیے New York City کے سکول انگریزی زبان کے پروگراموں کی تین اقسام استعمال کرتے ہیں- انگریزی بطور ایک ثانوی زبان (ESL)، عارضی دو زبانی تعلیم (TBE)، اور دوہری زبان (DL)، تفصیلات ذیل میں دی گئی ہیں-

1. **انگریزی بطور ایک ثانوی زبان (ESL):** New York City کے تمام سرکاری ایلیمنٹری سکولوں میں پیش کردہ، انگریزی بطور ایک ثانوی زبان (ESL) آزادانہ پروگرام، ایک حکمتِ عملی کے ساتھ مادری زبان کی معاونت کے ساتھ انگریزی میں پڑھائے جاتے ہیں- تمام سرکاری سکول ESL کلاسوں کی پیشکش کرتے ہیں؛ موادی نصاب انگریزی اور مضمون کا مواد سیکھنے میں طلباء کی مدد کرنے کے لیے ESL حکمتِ عملیوں کو مجتمع کرتے ہیں-
2. **عارضی دو زبانی تعلیم (TBE):** عارضی دو زبانی تعلیم (TBE) پروگرام طلباء کی معاونت کے لیے تیار کیے گئے ہیں جب وہ انگریزی اور مادری زبان میں پڑھائے جانے والی کلاسوں/مضمون کے مواد عبور کر کے ان کلاسوں میں جاتے ہیں جو بنیادی طور پر انگریزی میں پڑھائی جاتی ہیں- اس پروگرام کی شکل میں طلباء ESL بھی وصول کرتے ہیں- جیسے جیسے طالب علم کی انگریزی کی استعداد بڑھتی ہے، انگریزی میں تعلیم میں اضافہ ہوتا جاتا ہے اور مادری زبان میں تعلیم میں کمی ہوتی جاتی ہے-
3. **دوہری زبان (DL)*:** دوہری زبان (DL) کے پروگرام دو زبانوں (آدھی انگریزی، آدھی دوسری زبان) میں تعلیم مہیا کرتے ہیں، اس ہدف کے ساتھ کہ تمام طلباء دو زبانیں بولنے کے قابل بن جائیں- یہ پروگرام انگریزی زبان میں تعلیم کے ضرورت مند ELL طلباء اور انگریزی بولنے والے طلباء جو ایک دوسری زبان سیکھنے میں دلچسپی رکھتے ہیں دونوں کی معاونت کرتے ہیں- ELL طلباء اور انگریزی بولنے والے طلباء دونوں ہی ایک دوسرے کے لیے بطور لسانی مثالی نمونہ کام کرتے ہیں، اور ان کی تعلیم کے ذریعے، دونوں زبانوں میں لسانی نشوونما میں مدد ہو جاتی ہے- جو ELLs اس پروگرام میں شامل ہیں وہ ESL بھی وصول کرتے ہیں- اگر آپ دوہری زبان کے پروگرام میں دلچسپی رکھتے ہیں، آپ خصوصی طور پر اپنی کنڈرگارٹن کی درخواست میں وہ پروگرام درج کریں-

*زیادہ تر دوہری زبان کے پروگراموں کا مقصد ELLs اور انگریزی مادری زبان والوں کا ایک مخصوص تناسب قائم کرنا ہوتا ہے، لہٰذا زبان کو درخواست دہندگان کو ترجیح دینے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے- علاوہ ازیں، سکول ایک بچے کی مادری زبان کے تعین کے لیے امتحان منعقد کروا سکتے ہیں-

**English Language Learners کو شناخت کرنا**

ایک نئے داخل ہونے والے طالب علم کے والدین یا سرپرست کے طور پر، اپنے بچے کے سکول میں حاضری کے پہلے دن سے دس دنوں کے اندر اندر آپ کو سکول میں ایک Home Language Identification Survey (HLIS) مکمل کرنا درکار ہے- یہ سروے سکول کے عملے کو یہ بتاتا ہے کہ آپ گھر میں کون سی زبان استعمال کرتے ہیں- اگر HLIS نشاندہی کرتا ہے کہ آپ کا بچہ/بچی انگریزی کے علاوہ کوئی دوسری زبان استعمال کرتا/کرتی ہے، اس کا انگریزی استعداد کا ایک امتحان لیا جاتا ہے جو New York State Identification Test for English Language Learners (NYSITELL) کہلاتا ہے- اس امتحان میں کارکردگی تعین کرتی ہے آیا کہ آپ کا بچہ ELL معاونتوں اور خدمات کا حقدار ہے یا نہیں-

**ELL پروگرام کی تعارفی نشست**

اگر آپ کے بچے کی نشاندہی ایک ELL کے طور پر ہوئی ہے، آپ کے بچے کے سکول حاضر ہونے کے پہلے دن سے دس ایام کے اندر اندر آپ کو اس کے سکول میں ELL والدین کے لیے ایک تعارفی نشست میں شریک ہونے کے لیے مدعو کیا جانا چاہیے- تعارفی نشست کے دوران، والدین کا سروے اور پروگرام منتخب کرنے کا فارم پُر کریں اور وہ پروگرام منتخب کریں جس کے بارے میں آپ کو یقین ہے کہ وہ آپ کے بچے کی ضروریات کو بہترین طریقے سے پورا کرتا ہے- اگر آپ کو یہ فارم موصول نہیں ہوتا، آپ یہ سکول سے طلب کر سکتے ہیں- اس ڈائریکٹری میں سکولوں کے صفحات میں ان ELL پروگراموں کی فہرست ہے جو سکول کی جانب سے فراہم کردہ اعدادوشمار کے مطابق ہر سکول میں کنڈرگارٹن طلباء کے لیے اس وقت پیش کیے گئے ہیں- ELL پروگرام پیشکشوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے، براہِ راست سکول سے رابطہ کریں-

آپ کو اپنے سکول میں ایک مخصوص قسم کے پروگرام کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے- تمام سکول ELL پروگراموں کی پیشکش کرتے ہیں، اور تمام سکولوں سے توقع ہے کہ وہ TBE یا Dual Language پروگرام شروع کریں گے جب ایک درجہ یا دو لگاتار درجوں میں ایک واحد زبان کے کم از کم 15 ELLs کے اہلِ خانہ نے پروگرام کی درخواست کی ہو گی- والدین کے سروے اور پروگرام کے انتخاب کے فارم پر ایک TBE یا دوہری زبان کے پروگرام کا انتخاب کرتے ہوئے، خاندان یہ اطلاع دینے میں مدد کر سکتے ہیں کہ کون سے ELL پروگراموں کی سکولوں میں پیشکش کی جانی چاہیئے-

New York City کے سرکاری ایلیمنٹری سکولوں میں دستیاب تمام ELL پروگراموں اور خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم یہاں تشریف لے جائیں: www.nyc.gov/schools/Academics/ELL اور www.nyc.gov/schools/Academics/ELL/FamilyResources-

آپ ELL کے داخلہ طریقہ کار کے بارے میں والدین کی تعارفی نشست کی ویڈیو دیکھتے ہوئے مزید جان سکتے ہیں، جو 13 زبانوں میں یہاں دستاب ہے: www.nyc.gov/schools/Academics/ELL/FamilyResources/ellorientationvideo2010-

## کنڈرگارٹن میں جا رہے معذوریوں کے حامل طلباء

Department of Education کی خصوصی تعلیم میں اصلاح، جو *A Shared Path to Success* کے طور پر بھی معروف ہے، اس طریقے میں نمایاں بہتریاں لا رہی ہے جس طریقے سے معذوریوں کے حامل طلباء کو خدمات بہم پہنچائی جاتی ہیں، جس میں عام تعلیمی نصاب تک زیادہ رسائی بھی شامل ہے- کنڈرگارٹن میں داخل ہو رہے تمام طلباء، بشمول معذوریوں کے حامل طلباء، کو کنڈرگارٹن داخلوں کے ذریعے درخواست دینی چاہیے جیسا کہ صفحات 1-4 میں بیان کیا گیا ہے-

**دوبارہ تشخیص**

**کنڈرگارٹن شروع کرنے سے پہلے،** پری سکول طلباء جو خصوصی تعلیمی خدمات وصول کرتے ہیں یا وصول کرنے کے حقدار ہیں، کی یہ تعین کرنے کے لیے دوبارہ تشخیص کی جائے گی کہ کون سی خدمات، اگر کوئی ہیں، کی انہیں کنڈرگارٹن میں ضرورت ہو گی- خاندانوں کو اس عمل کے بارے میں معلومات موسمِ خزاں میں بذریعہ ڈاک موصول ہو گی اور دوبارہ تشخیص میں شرکت کے لیے ان کے ساتھ موسمِ سرما یا بہار میں رابطہ کیا جائے گا- اگر بچے کا تعین مستحق کے طور پر ہوتا ہے، کنڈرگارٹن میں مہیا کی جانے والی خصوصی تعلیمی خدمات کو ایک دستاویز میں درج کیا جائے گا جو انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کہلاتی ہے-

**سکولوں میں خدمات اور معاونتیں**

تمام سکول اپنے علاقے میں طلباء کی اکثریت کو IEP خدمات فراہم کرنے کے قابل ہیں- خاندانوں کو اپنے علاقوں میں واقع سکول اور دیگر سکول جن میں ان کی دلچسپی ہو، میں درخواست دینے کی ترغیب دی جاتی ہے-

**خصوصی پروگرام**

جبکہ زیادہ تر طلباء کو ان کے مقامی سکولوں میں خدمات مہیا کی جاتی ہیں، کچھ طلباء کو بہترین خدمات خصوصی پروگراموں میں مہیا کی جا سکتی ہیں- Department of Education کچھ سماجی سکولوں میں خصوصی پروگرام مہیا کرتا ہے- اس میں شامل ہیں دو زبانی خصوصی تعلیم اور آٹزم یا ذہنی معذوری والے کچھ طلباء کے لیے پروگرام- سماجی سکولوں میں خصوصی پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، specializedprograms@schools.nyc.gov پر ای میل کریں یا www.nyc.gov/schools/Academics/SpecialEducation/enrolling/specializedprograms پر تشریف لائیں- شعبۂ تعلیم کا ضلع 75 اہم بیماریوں کے حامل طلباء، بشمول آٹزم، چیزوں کو سمجھنے میں کافی تاخیر، جذباتی خلل، احساسی معذوریاں، اور/یا کثیر معذوریوں کے حامل طلباء کے

لیے پروگراموں میں انتہائی خصوصی طور پر تیار کردہ تعلیم مہیا کرتا ہے- ضلع 75 کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، دیکھیں:
www.nyc.gov/schools/Academics/SpecialEducation/D75-

**تعیناتی اور خدمات کے بارے میں اطلاع نامہ**

جو خاندان کنڈرگارٹن میں درخواست دیتے ہیں انہیں اپریل کے شروع میں کنڈرگارٹن داخلوں کے ذریعے ایک تعیناتی کی پیشکش موصول ہو گی- کنڈرگارٹن داخلوں میں تعیناتی کی پیشکش کے علاوہ، معذوریوں کے حامل پری سکول کے طلباء کے اہلِ خانہ کو موسمِ بہار یا گرما میں ایک خط بھی موصول ہو گا جس میں وہ سکول درج ہو گا جہاں سفارش کردہ کوئی بھی خصوصی تعلیمی خدمات مہیا کی جائیں گی- زیادہ تر طلباء کو ان کے مقامی سکولوں یا ان سکولوں میں خدمات مہیا کی جائیں گی جہاں وہ کنڈرگارٹن داخلوں کے ذریعے داخل ہوئے تھے- اگر ایک بچے کو ضلع 75 کا ایک پروگرام تجویز کرتا ہوا IEP موصول ہوتا ہے، تو اسے اس پروگرام میں تعیناتی کی پیشکش کی جائے گی- اگر ایک بچے کا تعین خصوصی پروگرام کے اہل کے طور پر کیا گیا ہے، تو اسے کنڈرگارٹن داخلوں کے ذریعے پیشکش کردہ تعیناتی کے متبادل کے طور پر وہ پروگرام رکھنے والے ایک سکول میں تعیناتی کی پیشکش کی جا سکتی ہے-

**ایک تشخیص کی درخواست کرنا**

اگر آپ کو شک ہے کہ آپ کے بچے کو کوئی معذوری ہو سکتی ہے اور اسے خصوصی تعلیمی خدمات درکار ہیں، آپ ایک تشخیص کی درخواست کرنے کے لیے اپنی مقامی Committee on Special Education (CSE) سے رابطہ کر سکتے ہیں- رابطہ معلومات کے لیے، 311 پر کال کریں یا www.nyc.gov/schools/Academics/SpecialEducation/ContactsResources/cse.htm پر تشریف لائیں-

**مزید معلومات**

خصوصی تعلیمی خدمات، کنڈرگارٹن میں منتقلی کے عمل اور اہم تاریخوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے،
www.nyc.gov/schools/KindergartenSpecialEducation دیکھیں-

## مقام کا قابلِ رسائی ہونا

تمام سکول جو عملی طور پر قابلِ رسائی تصور کیے جاتے ہیں سکول کے نام اور نمبر کے سامنے رسائی کے آئیکون کے ساتھ نشاندہی کیے گئے ہیں-

**عملی طور پر قابلِ رسائی سکول یا پروگرام** مکمل طور پر یا جزوی طور پر قابلِ رسائی عمارت میں واقع ہوتے ہیں جہاں چلنے پھرنے کی معذوری رکھنے والا ایک فرد داخل ہو سکتا ہے اور تمام متعلقہ پروگراموں اور خدمات، بشمول سائنس لیبارٹری، لائبریری، کیفے ٹیریا، اور جمنیزیم تک رسائی کر سکتا ہے؛ کچھ صورتوں میں سکول پروگراموں کو رسائی کی گنجائش پیدا کرنے کے لیے کہیں اور منتقل کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے- کم از کم ایک بیت الخلاء قابلِ رسائی ہے-

مقام کے قابلِ رسائی ہونے، بشمول عملی طور پر قابلِ رسائی سکولوں کی ایک مکمل فہرست، کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم قابلِ رسائی سکولوں کی فہرست ملاحظہ فرمائیں، جو www.nyc.gov/schools/Offices/OSP/Accessibility **پر آن لائن دستیاب ہے-**

## چارٹر سکول

چارٹر سکول سرکاری سکول ہیں - وہ تمام طلباء کے لیے مفت ہیں اور کھلے ہیں- وہ کارکردگی کے ایک معاہدے، یا "چارٹر" کی شرائط و ضوابط کے مطابق آزادانہ کام کرتے ہیں جس کی معیاد پانچ برس تک ہو سکتی ہے-

چارٹر سکول عام طور پر اگلے تعلیمی سال کے لیے یکم اپریل سے پہلے درخواستیں قبول نہیں کرتے، اور زیادہ تر سکول اپریل کے مہینے کے دوران داخلوں کی لاٹریاں نکالتے ہیں- ایک درخواست کے حصول کے لیے آپ کو براہِ راست ہر سکول سے رابطہ کرنا چاہیئے- مزید برآں، زیاہ تر - لیکن سارے نہیں - چارٹر سکول New York City Charter School Center's Common Online Charter School Application استعمال کرتے ہیں جو والدین/سرپرستوں کو ایک ہی وقت میں کئی چارٹر سکولوں میں درخواست دینے کے قابل بناتی ہے- تعلیمی سال 2015-2016 میں داخلے کے لیے والدین/سرپرست 2015 کے شروع سے ابتداء کرتے ہوئے www.nyccharterschools.org پر Charter School Center کی ویب سائٹ کے ذریعے اس درخواست تک رسائی کر سکتے ہیں-

اس ڈائریکٹری میں اس بلدیہ میں کنڈرگارٹن والے تمام چارٹر سکول شامل ہیں- New York City میں چارٹر سکولوں کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے، براہِ کرم www.nyc.gov/schools/charters پر 2014-2015 Directory of the New York City Charter Schools ملاحظہ کریں- اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، براہ کرم 212-374-5419 پر کال کریں یا charterschools@schools.nyc.gov پر ای میل کریں-

## ذرائع آمدورفت

New York City میں، ایک ایلیمنٹری سکول میں تعیناتی پیلی سکول بس خدمت کی ضمانت نہیں دیتی۔

اگر آپ کے بچے کا سکول جہاں آپ رہتے ہیں اس سے مختلف ضلع میں ہے، سکول بس سے آمدورفت دستیاب نہیں ہو گی۔ اگر آپ کے بچے کا سکول جہاں آپ رہتے ہیں اسی ضلع میں ہے، New York City Department of Education یہ تعین کرنے کے لیے ذیل میں دیا گیا جدول استعمال کرے گا آیا کہ آپ کا بچہ مفت یا کم کرایہ کی آمدورفت کے لیے مستحق ہے یا نہیں۔

| درجہ کی سطح | بچے کے گھر سے سکول تک پیدل فاصلہ | | |
|---|---|---|---|
| | ½ میل سے کم | ½ میل یا زیادہ، لیکن 1 میل سے کم | 1 میل یا زیادہ |
| K-2 | نصف کرائے کا MTA بس پاس | یا تو پیلی بس یا MetroCard | یا تو پیلی بس یا MetroCard |
| 6-3 | کوئی آمدورفت مہیا نہیں کی جاتی | نصف کرائے کا MTA بس پاس | |

اگر آپ کا بچہ اوپر دیئے گئے چارٹ میں "یا تو پیلی بس یا پھر MetroCard" کے لیے مستحق ہے، آپ کے بچے کو پیلی سکول بس ملے گی اگر:

1. سکول نے پیلی بس خدمت کے لیے Office of Pupil Transportation کو درخواست دے رکھی ہے؛
2. طالب علم اسی ضلع میں رہتا ہے جس ضلع میں سکول واقع ہے؛ اور
3. طالب علم کے لیے ایک سٹاپ موجود ہے یا ایک روٹ بنانے کے لیے درکار طلباء کی کم از کم تعداد کے بارے میں New York City Department of Education کی رہنما ہدایات (11) اور وہ تقاضے جو بس کے راستوں کو پانچ میل سے بڑھنے نہیں دیتے جس کی روٹ پر ہر سٹاپ کے ذریعے پیمائش کی گئی ہے۔

وہ مستحق طلباء جو ان معیاروں پر پورا نہیں اُترتے MetroCard پائیں گے۔ اس کا مطلب ہے کہ کنڈرگارٹن کا ایک مستحق طالب علم/طالبہ ایک MetroCard وصول کرے گا/گی اگر وہ اس سکول میں پڑھتا/پڑھتی ہے جو بس خدمت مہیا نہیں کرتا، ایک اور ضلع میں رہتا/رہتی ہے، ایک ایسے علاقے میں رہتا/رہتی ہے جہاں طلباء کی تعداد اتنی کم ہے کہ روٹ نہیں بنایا جا سکتا، یا اگر ایک موجودہ سٹاپ کو استعمال نہیں کیا جا سکتا اور پانچ میل کی رہنما ہدایات کی بنیاد پر ایک نئے سٹاپ کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

مخصوص سکولوں میں موجودہ بس سٹاپوں کے بارے میں معلومات کے لیے، براہِ کرم براہِ راست سکول سے رابطہ کریں۔

**K-8 سکولوں کے بارے میں نوٹ:** زیادہ تر صورتِ احوال میں، سکول سے 1-1/2 میل سے زائد فاصلے پر رہنے والے درجات 7 اور 8 کے طلباء صرف MetroCards کے مستحق ہوتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے براہِ کرم Office of Pupil Transportation کی ویب سائٹ پر تشریف لے جائیں: www.nyc.gov/schools/Offices/Transportation۔

## سکول کی کارکردگی

New York City Department of Education سکولوں کی روایات اور طلباء کے نتائج کے بارے میں معلومات اکٹھی کرتا رہتا ہے جو ہر سکول کی خوبیوں اور خامیوں کو پہچاننے میں مدد کر سکتی ہیں- اس ڈائریکٹری میں ان معلومات کا کچھ حصہ شامل ہے، جو سکولوں کے صفحات میں درج ہے اور ذیل میں اس کی مزید تفصیل کے ساتھ وضاحت کی گئی ہے- اس حصے کے بارے میں اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہِ کرم اپنے سکول کے رہنمائی مشیر سے رابطہ کریں یا تشریف لائیں: www.nyc.gov/schools/accountability پر- پورے شہر یا ضلع کی تمام اوسطیں تعلیمی سال 2013-2014 کے لیے ہیں-

### سکول کی کارکردگی کا نمونہ

**انگریزی میں ماہر طلباء (2014):** 18.4%
**ریاضی میں ماہر طلباء (2014):** 27.2%
**معیار کے جائزے کی درجہ بندی (2009):** خوب پختہ

یہ حالیہ ترین سال جس میں معیار کا جائزہ لیا گیا تھا اس سے درجہ بندی کی عکاسی کرتا ہے-

درجہ 3، 4، اور 5 کے طلباء جنہوں نے New York State کے انگریزی اور ریاضی کے امتحانات میں سطح 3 یا 4 پر سکور کیا تھا کی شرح فیصد-

پورے شہر میں انگریزی میں اوسط: 30%

پورے شہر میں ریاضی میں اوسط: 39%

### New York State کا نظامِ احتساب

The New York State Education Department (NYSED) خود اپنے مقرر کردہ پیمانوں کی بنیاد پر سکولوں کے احتساب کی کیفیت کا تعین کرتا ہے- New York State کے نظامِ احتساب کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، NYSED ویب سائٹ پر تشریف لائیں: www.p12.nysed.gov/accountability-

### معیار کا جائزہ

معیار کا جائزہ ایک تجربہ کار تعلیم دان کی جانب سے سکول کے ایک باضابطہ دورے پر کی گئی سکول کی ایک تشخیص ہوتی ہے- تعلیم دان جماعتوں کے کمروں کا مشاہدہ کرتا ہے اور پورے سکول کی روایات کی تشخیص کے لیے والدین، طلباء، اساتذہ اور سکول کے رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کرتا ہے- معیار کے جائزے کی رپورٹ سکول کی کوششوں میں معاونت کرنے کے لیے ایک مخصوص جوابی رائے مہیا کرتی ہے- ہر سکول کے صفحے پر آپ معیار کے جائزے کی جو درجہ بندی دیکھتے ہیں وہ اس حالیہ ترین سال کی عکاسی کرتا ہے جس میں اُس مخصوص سکول میں معیار کا جائزہ لیا گیا تھا- کچھ سکولوں کے معیار کے جائزے کی درجہ بندی نہیں ہو گی- ان سکولوں کے لیے درجہ بندیاں دستیاب نہیں ہیں جو پچھلے دو سالوں میں کھلے تھے یا وہ سکول جن کا حالیہ ترین جائزہ اگست 2010 سے قبل لیا گیا تھا- مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم دیکھیں- http://schools.nyc.gov/Accountability/tools/review/default.htm

## اہم نوٹ

اس ڈائریکٹری میں درج معلومات اشاعت کے وقت تک درست ہیں لیکن تبدیلی سے مشروط ہو سکتی ہیں۔ تعلیمی پروگراموں، طالب علم خدمات، اور دیگر پیشکشوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے، براہِ راست سکولوں سے رابطہ کریں۔

**سوالات پوچھنے ہیں؟ مدد چاہیے؟** کنڈرگارٹن داخلوں کے بارے میں اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو 718-935-2009 پر کال کریں یا تشریف لائیں: www.nyc.gov/schools/kindergarten پر۔

# سکول صفحات کیسے پڑھنے ہیں

اس ڈائریکٹری میں سکولوں کے صفحات اس بلدیہ میں کنڈرگارٹن پروگرام والے تمام سکولوں کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرتے ہیں- سکولوں کے صفحات دیگر اہم تفصیلات کے علاوہ سکولوں سے رابطہ کیسے کرنا ہے، سکول کی کارکردگی، اور پیش کیے جانے والے پروگراموں کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں جو کنڈرگارٹن میں درخواست دیتے ہوئے ایک باخبر فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کریں گی-

اس ڈائریکٹری میں تین قسم کے سکولوں کے صفحات ہیں: (1) **علاقے کے سکول** کے صفحات ان سکولوں کے لیے ہیں جو ان طلباء کو ترجیح دیتے ہیں جو نزدیکی مقررہ علاقے میں رہتے ہیں جسے علاقہ کہا جاتا ہے، (2) **پسند کے ضلع کے سکول** کے صفحات ضلع میں بغیر علاقے کے سکولوں کے لیے ہیں، لیکن جہاں سکولوں کا داخلوں کی ترجیحات کا ایک یکساں مجموعہ ہے، اور (3) **بغیر علاقے کے سکول** کے صفحات ان سکولوں کے لیے جن کا کوئی علاقہ نہیں ہے اور وہ درخواست دہندگان کو بہن بھائیوں کی حیثیت، رہائش کے ضلع، اور کچھ صورتوں میں، دیگر معیار پر ترجیح دیتے ہیں-

**<u>علاقے والے سکول کے صفحات اور پسند کے ضلع کے سکول کے صفحات (نمونے کے سکول ذیل میں)</u>**

1. **سکول کی قسم:** نشاندہی کرتا ہے کہ آیا سکول علاقے والا سکول، بغیر علاقے کا سکول، یا ایک پسند کے ضلع میں واقع سکول ہے- داخلوں کی متعلقہ ترجیحات کا جائزہ اگلے حصے میں لیں-
2. **رابطہ معلومات:** ہر سکول اس بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے کہ اس کے عملے کے ساتھ کیسے رابطے میں رہنا ہے؛ خواہ یہ ذاتی طور پر، فون کے ذریعے، یا ای میل پر ہو، یقینی بنائیں کہ آپ ان طریقوں سے آگاہ ہیں جن سے آپ ان سکولوں تک رسائی کر سکتے ہیں جن میں آپ کی دلچسپی ہے-
3. **عمارت کی معلومات:** جانیں کہ کتنے طلباء سکول میں زیرِ تعلیم ہیں اور ساتھ ہی ساتھ یہاں جن درجات میں تعلیم دی جاتی ہے-
4. **سکول کی کارکردگی:** اس حصے میں درجات 3rd، 4th، اور 5th کے طلباء کی شرح فیصدوں کی فہرست ہے جنہوں نے انگریزی اور ریاضی میں ماہر کا سکور کیا ہے، اور حالیہ معیار کے جائزے کے سکور درج ہیں- اس میں سے کچھ معلومات کا اطلاق تمام سکولوں پر نہیں ہوتا-
5. **ELL پروگرام:** معلوم کریں کہ ایک سکول انگریزی زبان کی ترقی میں معاونت کی کون سی خدمات اور پروگراموں کی پیشکش کرتا ہے- براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ تمام سکول انگریزی بطور ثانوی زبان (ESL) کی پیشکش کرتے ہیں-
6. **پروگرام کی معلومات:** جب آپ اپنی درخواست مکمل کر رہے ہوں، آپ کو پروگرام کا کوڈ درج کرنے کی ضرورت ہو گی- وہ سکول جو ایک سے زائد پروگرام پیش کرتا ہے اس کے ایک سے زیادہ کوڈ ہوں گے-
7. **آئیکونز:** مندرجہ ذیل چیزوں کے تعین کے لیے ہر سکول کے صفحے کی تہہ میں دی گئی کلید استعمال کریں:
   i. کیا سکول انگریزی بطور ثانوی زبان کی خدمات کی پیشکش کرتا ہے؟
   ii. کیا سکول عملی طور پر قابلِ رسائی ہے؟
   iii. کیا سکول کی جگہ دوسرے سکولوں کے ساتھ مشترک ہے؟
   iv. کیا یہ سکول معذوریوں کے حامل طلباء کو ان کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) پر نشاندہی کردہ معاونتیں اور خدمات فراہم کرتا ہے؟

اگر سکول مندرجہ بالا سوالات میں سے کسی بھی سوال کا "ہاں" میں جواب دیتا ہے، تو کلید میں سے متعلقہ آئیکون سکول کے صفحہ کے بالائی جانب دائیں کونے میں ظاہر ہو گا-

## Shermer North Elementary School | 42X222

7

**<u>رابطہ معلومات</u>** 2
**پتہ:** 123 City Lane
Citytown, NY 10009
**فون:** 555-444-3333
**فیکس:** 555-333-2222
**ای میل:** MRooney@Shermer.edu
**ویب سائٹ:** http://schools.nyc.gov/schoolportals/42/X222
**سب وے:** 1 سے 157th Street؛ A، B، D سے 145th Street
**بس:** BX19، BX6، M10، M100، M101، M11

**علاقے کا سکول** 1
*پچھلے سال، اس سکول نے صرف اس سکول کے علاقے کے طلباء اور موجودہ طلباء کے بہن بھائیوں کو داخلہ دیا تھا-*

***اگر ذیل میں دیئے گئے پروگرام میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو اپنی درخواست پر کوڈ(ز) درج کریں::***

| پروگرام کا نام | کوڈ |
|---|---|
| SHERMER NORTH ELEMENTARY SCHOOL | 42X222KG |
| SHERMER NORTH ELEMENTARY SCHOOL – SPANISH DUAL LANGUAGE PROGRAM | 42X222SP |

6

**<u>عمارت کی معلومات</u>** 3
**کُل طلباء (اکتوبر 2013 تک):** 526
**درجات (2014-2015):** PK-5

**<u>سکول کی کارکردگی</u>** 4
**انگریزی میں ماہر طلباء (2014):** 10%
**ی میں ماہر طلباء (2014):** 16%
**کے جائزے کا سکور (2013):** ترقی پذیر

**<u>ELL پروگرام</u>** 5
**دوہری زبان کا پیشکش کردہ پروگرام:** ہسپانوی
**پیش کردہ عارضی دو زبانی تعلیم:** ہسپا

| کلیدی | ESL پروگرام | عملی طور پر قابلِ رسائی | مشترکہ جگہ | خصوصی تعلیم |
|---|---|---|---|---|

**بغیر علاقے کے سکولوں کے صفحات (نمونے کا سکول صفحہ 15 پر)**

1. **سکول کی قسم:** نشاندہی کرتا ہے کہ آیا سکول علاقے والا سکول، بغیر علاقے کا سکول، یا ایک پسند کے ضلع میں واقع سکول ہے- داخلوں کی متعلقہ ترجیحات کا جائزہ کتاب کے سامنے کے حصے میں لیں-
2. **رابطہ معلومات:** ہر سکول اس بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے کہ اس کے عملے کے ساتھ کیسے رابطے میں رہنا ہے؛ خواہ یہ ذاتی طور پر، فون کے ذریعے، یا ای میل پر ہو، یقینی بنائیں کہ آپ ان طریقوں سے آگاہ ہیں جن سے آپ ان سکولوں تک رسائی کر سکتے ہیں جن میں آپ کی دلچسپی ہے-
3. **عمارت کی معلومات:** جانیں کہ کتنے طلباء آپ کے سکول میں زیرِ تعلیم ہیں اور ساتھ ہی ساتھ یہاں جن درجات میں تعلیم دی جاتی ہے-
4. **سکول کی کارکردگی:** اس حصے میں درجات 3rd، 4th، اور 5th کے طلباء کی شرح فیصدوں کی فہرست ہے جنہوں نے انگریزی اور ریاضی میں ماہر کا سکور کیا ہے، اور حالیہ معیار کے جائزے کے سکور درج ہیں- یہ حصہ NYC School Survey کے نتائج بھی مہیا کرتا ہے، جو تمام والدین، اساتذہ، اور درجات 6-12 کے طلباء سے رائے لیتا ہے یہ سمجھنے کے لیے کہ سکولی برادری کے کلیدی ارکان سکول کے تعلیمی ماحول کے بارے میں کیا کہتے ہیں- اس میں سے کچھ معلومات کا اطلاق تمام سکولوں پر نہیں ہوتا-
5. **ELL پروگرام:** معلوم کریں کہ ایک سکول انگریزی زبان کی ترقی میں معاونت کی کون سی خدمات اور پروگراموں کی پیشکش کرتا ہے- براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ تمام سکول انگریزی بطور ثانوی زبان (ESL) کی پیشکش کرتے ہیں-
6. **داخلوں کی ترجیحات** یہ حصہ اس بارے میں معلومات مہیا کرتا ہے کہ ہر سکول میں طلباء تعیناتی کے لیے کیسے زیرِ غور آتے ہیں- اس بات کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے کہ آیا ایک مخصوص سکول میں آپ کے بچے کے داخل ہونے کا اچھا امکان ہے اس حصے کا مطالعہ کریں-
7. **پروگرام کی معلومات:** جب آپ اپنی درخواست مکمل کر رہے ہوں، آپ کو پروگرام کا کوڈ درج کرنے کی ضرورت ہو گی- وہ سکول جو ایک سے زائد پروگرام پیش کرتا ہے اس کے ایک سے زیادہ کوڈ ہوں گے-
8. **آئیکونز:** مندرجہ ذیل چیزوں کے تعین کے لیے ہر سکول کے صفحے کی تہہ میں دی گئی کلید استعمال کریں:
    a. کیا سکول انگریزی بطور ثانوی زبان کی خدمات کی پیشکش کرتا ہے؟
    b. کیا سکول عملی طور پر قابلِ رسائی ہے؟
    c. کیا سکول کی جگہ دوسرے سکولوں کے ساتھ مشترک ہے؟
    d. کیا یہ سکول معذوریوں کے حامل طلباء کو ان کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) پر نشاندہی کردہ معاونتیں اور خدمات فراہم کرتا ہے؟

اگر سکول مندرجہ بالا سوالات میں سے کسی بھی سوال کا "ہاں" میں جواب دیتا ہے، تو کلید میں سے متعلقہ آئیکون سکول کے صفحہ کے بالائی جانب دائیں کونے میں ظاہر ہو گا-

| کلیدی | ESL پروگرام | عملی طور پر قابلِ رسائی | مشترکہ جگہ | خصوصی تعلیم |
|---|---|---|---|---|

# Shermer South Elementary School | 42X223

**رابطہ معلومات**

**پتہ:** 125 City Lane
Citytown, NY 10009
**فون:** 7777-444-555
**فیکس:** 4444-333-555
**ای میل:** AJones@Shermer.edu
**ویب سائٹ:** http://schools.nyc.gov/schoolportals/42/X223
**سب وے:** 1 سے 157th Street؛ A، B، D سے 145th Street
**بس:** BX19، BX6، M10، M100، M101، M11

**بغیر علاقے کے سکول**

*پچھلے سال، اس سکول نے موجودہ طلباء کے بہن بھائیوں اور ضلع میں دیگر طلباء کو داخلہ دیا تھا۔*

*اگر ذیل میں دیئے گئے پروگرام میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو اپنی درخواست پر کوڈ(ز) درج کریں:*

| پروگرام کا نام | کوڈ |
|---|---|
| SHERMER SOUTH ELEMENTARY SCHOOL | 42X223KG |
| SHERMER SOUTH ELEMENTARY SCHOOL – SPANISH DUAL LANGUAGE PROGRAM | 42X223SP |

**عمارت کی معلومات**

**کُل طلباء (اکتوبر 2013 تک**
**درجات (2014-2015)** 5-

**NYC سکول سروے کے نتائج**

- **96%** والدین اس تعلیم سے مطمئن ہیں [illegible] کے بچے نے حاصل کی ہے
- **92%** والدین محسوس کرتے ہیں کہ س[illegible]ز، غیر نصابی سرگرمیوں، اور خدمات کی کافی وسیع انواع پیش کرتا ہے۔
- **91%** اساتذہ محسوس کرتے ہیں کہ اس سکول میں ترتیب اور نظم و ضبط کو قائم رکھا جاتا ہے
- **91%** اساتذہ متفق ہیں کہ اس سکول کے رہنما تدریس کے اعلیٰ معیار کو زیادہ ترجیح پر رکھتے ہیں
- **91%** اساتذہ والدین کو اس سکول کی سفارش کریں گے

| سکول کی کارکردگی کا سال | کتنے فیصد طلباء— | |
|---|---|---|
| | انگریزی میں ماہر ہیں؟ | ریاضی میں ماہر ہیں؟ |
| 2014 – 2013 | 48% | 60% |
| 2013 – 2012 | 54% | 46% |

**معیار کے جائزے کا سکور (2011):** خوب پختہ

**ELL پروگرام**

**دوہری زبان کا پیشکش کردہ پروگرام:** ہسپانوی
**پیش کردہ عارضی دو زبانی تعلیم:** ہسپانوی

## داخلوں کی ترجیحات

یہ ایک **غیر علاقائی سکول** ہے۔ ایک بغیر علاقے کے سکول علاقہ نہ رکھنے والا ایسا سکول ہوتا ہے جو بہن بھائیوں کو فوقیت، رہائش کے ضلع، اور بعض صورتوں میں، دیگر معیار کی بنیاد پر ترجیح دیتا ہے۔

**داخلوں کی ترجیحات** - ذیل میں دی گئی فہرست اس ترتیب کو ظاہر کرتی ہے جس ترتیب سے درخواستیں تعیناتی کے لیے زیر غور آتی ہیں۔

1. ضلع میں رہنے والے طلباء جن کے مصدقہ بہن بھائیوں کو ستمبر 2015 میں سکول میں درجات K-5 میں داخلہ دیا جائے گا؛
2. ضلع سے باہر رہنے والے طلباء جن کے مصدقہ بہن بھائیوں کو ستمبر 2015 میں سکول میں درجات K-5 میں داخلہ دیا جائے گا؛
3. ضلع میں رہنے والے وہ طلباء جو اس وقت سکول میں pre-k میں داخل ہیں؛
4. ضلع سے باہر رہنے والے وہ طلباء جو اس وقت سکول میں pre-k میں داخل ہیں؛
5. وہ طلباء جو ضلع میں رہتے ہیں، ما سوائے ان کے جو اوپر (1) اور (3) میں ہیں؛
6. وہ طلباء جو ضلع سے باہر رہتے ہیں، ما سوائے ان کے جو اوپر (2) اور (4) میں ہیں۔

| کلیدی | ESL پروگرام | عملی طور پر قابل رسائی | مشترکہ جگہ | خصوصی تعلیم |
|---|---|---|---|---|

# NYC سرکاری سکول میں کنڈرگارٹن میں داخلے کی درخواست برائے تعلیمی سال 2016-2015

NYC Department of Education

